پریس ریلیز

پی جی ایم آئی وائے ایم سی کی میڈیکل ایجوکیشن کی بیرون ملک مقبولیت، پاکستان کیلئے اعزاز

کالج کے ایک ہی سیشن کے 4 ڈاکٹرز کے 11 سے 29 میڈلز، ذہانت کا لوہا منوالیا: پروفیسر الفرید ظفر

ڈاکٹرز و انجینئرز قیمتی اثاثہ، پیشہ وارانہ خدمات کا سمندر پار اعتراف قابل ستائش ہے: سید انوار حسنات

امریکہ میں مقیم انجینئر انوار حسنات کی قیادت میں وفد کی پرنسپل جنرل ہسپتال سے ملاقات و گفتگو

لاہور 17 دسمبر:......ڈاکٹرز اور انجینئیر ز وطن عزیز کا قیمتی اثاثہ ہیں، ان کی اعلیٰ پیشہ وارانہ مہارت کا بیرون ملک اعتراف ہر پاکستانی کیلئے باعث اعزاز ہے کیونکہ پاکستان سے دور اپنی شناخت برقرار رکھتے ہوئے مختلف شعبوں بالخصوص میڈیکل کے میدان میں خدمات سرانجام دینے والے ڈاکٹرز مادر علمی کے لئے باعث صد افتخار ہیں۔ اس امر کا اظہار امریکہ میں مقیم انجینئر سید انوار حسنات کی قیادت میں وفد نے پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر سے ملاقات کے دوران کیا۔

وفد کے ارکان کا کہنا تھا کہ داتا کی نگری میں قائم امیر الدین میڈیکل کالج اور پی جی ایم آئی کی طبی تعلیم و تحقیق کی سمندر پار مقبولیت میں اضافہ خوش آئند ہے اور جنرل ہسپتال سے منسلک اے ایم سی میڈیکل کالج سے تعلق رکھنے والے ایک ہی سیشن کے 2 طلبا اور 2 طالبات بالترتیب 11 سے لے کر 29 میڈلز حاصل کر کے طبی دنیا میں نیا ریکارڈ قائم کیا ہے جو میڈیکل ایجوکیشن میں تادیر یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے امیر الدین میڈیکل کالج کی طبی تعلیم کے معیار کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس میڈیکل کالج نے کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ نام کمایا ہے اور پاکستان کے علاوہ بیرون ملک بھی اس کے ٹیلنٹ اور قابلیت کے چرچے ہیں۔ سید انوار حسنات نے کہا کہ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر، اساتذہ اور طلبا کے والدین مبارکباد کے مستحق ہیں جنہوں نے ان کی تعلیم و تربیت کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، اب ان ینگ ڈاکٹرز کا اولین فرض ہے کہ وہ عملی میدان میں مریضوں کی خدمت کر کے اپنے مادر علمی کا نام روشن کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات عیاں ہوگئی کہ پاکستانی نوجوان قابلیت اور ذہانت میں کسی سے پیچھے نہیں تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ 21 ویں صدی کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے اور نت نئی رونما ہونے والی بیماریوں کا علاج دریافت کرنے کے لئے ایم بی بی ایس سٹوڈنٹس ریسرچ کی طرف بھرپور توجہ دیں تاکہ وہ عہد حاضر کے تقاضوں سے خود کو ہم آہنگ کر سکیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے بیرون ملک سے آئے ہوئے وفد کو بریفنگ میں بتایا کہ پی جی ایم آئی میں اندرون و بیرون ممالک سے ڈاکٹرز ڈپلومہ ڈگری کورسز (سپیشلائزیشن) کے لئے آتے ہیں، اس سہولت سے پاکستانی ڈاکٹرز کو اعلیٰ تعلیم کے لئے بیرون ملک جانے کی ضرورت پیش نہیں آتی جس سے اُن کا وقت اور زرمبادلہ بچتا ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ لاہور جنرل ہسپتال میں علاج معالجہ کی معیاری طبی سہولیات مریضوں کو بہم پہنچائی جا رہی ہیں اور اس قدیم علاج گاہ کو سٹیٹ آف دی آرٹ بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اور وہ وقت دور نہیں جب اس شفاخانہ کو ملک کا ماڈل ادارہ تصور کیا جائے گا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ امریکی وفد سے ملاقات کے دوران تحائف کا تبادلہ بھی کیا گیا۔

☆☆☆☆